ترجمان لے لئے مدد

آپ کو ترجمان کی سہولت مل سکتی ہے اگر ڈاکٹر معائنے یا علاج کے لئے ضروری سمجھے.

ترجمان کی سہولت مفت ہے، اگر آپ ڈنمارک میں 3 سال سے کم رہائش پذیر ہیں.

آپ کو ترجمان کی فیس دینی پڑے گی، اگر آپ 3 سال سے زیادہ رہائش پذیر ہیں.

قیمتیں:

*ویڈیو/فون کے لئے ترجمانی ہسپتال جانے کی صورت میں، عام ڈاکٹر یا سپیشلسٹ ڈاکٹر: 191 کراؤن.

*ترجمانی، جہاں ترجمان کا ذاتی طور پر موجودگی ضروری ہو، ہسپتال میں، عام ڈاکٹر یا سپیشلسٹ ڈاکٹر: 334 کراؤن.

*ویڈیو/فون پر ترجمانی آپ کے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں قیمت: 957 کراؤن ہو گی. یہ قیمت آپ کے ہسپتال میں سارے دورانیے کی ہو گی.

*ترجمانی، جہاں ترجمان کا ذاتی طور پر موجودگی ضروری ہو، ہسپتال میں داخلے کی صورت میں قیمت: 1.675 کراؤن. یہ قیمت آپ کے ہسپتال میں سارے دورانیے کی ہو گی.

اِن لوگوں سے قیمت وصول نہیں ہو گی

1)۔ مریض، جو جسمانی یا ذہنی طور پر عارضی یا ہمیشہ کے لئے ڈینش زبان سیکھنے کی صلاحیت کھو چکے ہیں.

2)۔ بچے، جو والدین کے بغیر ڈاکٹر کے پاس علاج کے لئے آتے ہیں.

3)۔ والدین، جنہیں بچے کے علاج کے سلسلے میں ترجمان کی ضرورت ہو.

4)۔ جرمن اقلیت کے لوگ جو ڈنمارک میں رہتے ہیں، جنہیں جرمن زبان کے سلسلے میں ترجمان کی ضرورت ہو.

5)۔ گرین لینڈ اور فیرٔ آئی لینڈ کے باشندوں سے بھی ترجمان کی فیس نہیں مانگی جائے گی.

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ اوپر کی شق نمبر 1 میں آتے ہیں، تو آپ کو لکھ کر ثبوت کے ساتھ ایک درخواست، جس ریجن میں آپ رہتے ہیں اُس میں دینی ہو گی. (ریجن کا اڈریس نیچے آپ کو ملے گا) ثبوت جو ہو گا، وہ ڈاکٹر کی طرف سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ ہو. سرٹیفکیٹ مثال کے طور پر، آپ کا اپنا ڈاکٹر دے گا یا وہ ڈاکٹر جو ہسپتال میں آپ کا علاج کر رہا ہے.

فیس ادائیگی

اگر آپ کو ترجمان کی فیس ادا کرنی ہو گی، تو ریجن کی طرف سے آپ کو بِل بھیجا جائے گا. بِل آپ کے ای۔ بکس میں یا نارمل ڈاک میں آئے گا.

رہنمائی اور شکایات

اگر آپ مریض کی حثیت سے اپنے حقوق کی معلومات جاننا چاہتے ہیں، تو آپ اپنے ریجن میں مریضوں کے حقوق کے محکمہ میں رابطہ کر سکتے ہیں.